مجرب سنیاسی نسخے

جناب شیخ عرفان سنیاسی سادھو صاحب

0334-6347745

ناشر: جامع مسجد بابا حیدر شاہ۔ محلہ الھیار۔ ٹنڈو آدم۔ ضلع سانگھڑ۔ سندھ۔ پاکستان

فہرست

بسم اللہ الرحمن الرحیم ٥

حرف اول

الحمدللہ رب العالمین ۔الصلوٰۃ والسلام علی سیدنا محمد وعلی آلہٖ واصحابہٖ اجمعین ۔اما بعد اللہ تعالیٰ کا لاکھ لاکھ شکر ہے کہ اس نے اپنی کائنات میں اپنے ایسے بندے پیدا فرمائے ہیں جو مخلوق خدا کی بے لوث خدمت کرتے ہیں ۔ان ہی مبارک ہستیوں میں سے ایک جناب شیخ عرفان سنیاسی سادھو صاحب ہیں جو کہ دن رات مخلوق خدا کی خدمت کر کے قرب ورضا کے اعلیٰ مقامات کو حاصل کر رہے ہیں ۔اللہ تعالیٰ ان کی خدمت کو قبول فرمائے اور ہمیں ان سے فیض حاصل کرنے کی سعادت نصیب فرمائے ۔آمین بحرمت سید المرسلین صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم ۔

زیر نظر کتاب ''مجرب سنیاسی نسخے'' جناب موصوف کے معمولات ومجربات پر مشتمل ہے ۔اللہ رب العزت اسے اپنی بارہ گاہ میں شرف قبولیت نصیب فرمائے ۔آمین

فقط

محمد یونس قادری عفااللہ عنہٗ

۲۹ رمضان المبارک بمطابق ۱۲ مئی ۲۰۲۱ء سنہ

بروز بدھ

پیشاب کا بند ہو جانا

مریض کی ناف میں شہادت کی انگلی رکھ کر ہر گھنٹہ بعد گیارہ مرتبہ سورہ فیل پڑھ کر دم کریں۔ ان شاء اللہ پیشاب جاری ہو جائے گا۔ خاص طور پر گردوں کے مریضوں کا پیشاب اکثر بند ہو جاتا ہے ان کے لیے یہ ایک مجرب عمل ہے۔

ممسک

مینتھول سو گرام۔ میٹھا تیلیا بیس گرام۔ ایک شیشی میں ڈال کر رکھ دیں۔ سات دن بعد سنہری رنگ کا روغن ہو گا۔ دس گھنٹے تک نفس پر اس طرح لگائیں کہ پہلے ایک قطرہ کیپ پر اور ایک قطرہ نیچے نالی پر لگائیں۔ دس گھنٹے تک نہ دھوئیں۔ اس کے بعد گرم پانی سے دھو لیں اور ساری رات مشغول رہیں۔

برص

گندھک آملہ ایک تولہ۔ مغز خیارین ایک تولہ۔ نوشادر ایک تولہ۔ رائی سرخ ایک تولہ۔ ان سب کو پیس لیں اور اس کی تین پڑیاں بنالیں۔ ایک پڑیہ ایک پاؤ دہی میں ملا کر دھوپ میں تین دن لگائیں۔ ان شاء اللہ علاج مکمل ہو گا۔ (صبح کی پہلی دھوپ میں)

تمام امراض نسواں

عورتوں کی تمام بیماریوں کیلئے خاص طور پر عورتوں کی بند ٹیوب۔ پانی یا خون کی رسولیاں اور بے اولادی وغیرہ جیسے سب مسائل کا حل ہے۔ ایک لیٹر عرق گلاب میں گلیسرین اسی گرام۔ پتری فولاد اسی گرام۔ نوشادر ٹھیکری پندرہ گرام ملا لیں اور یک ایک چمچ صبح۔ دوپہر۔ شام کھانے کے ایک گھنٹہ بعد دیں۔ سات دن سے چودہ دن تک۔ تمام مسائل عورتوں کے حل ہو جائیں گے۔

کشتہ قلعی برائے اسپرم

قلعی دس گرام۔ پارہ دس گرام۔ الائچی خورد پچاس گرام۔ ایک کپ میں سرسوں کا تیل ڈال کر اس میں پارہ ڈال دیں ایک کٹوری میں قلعی رکھ کر پگھلا لیں پھر اسکو گرم گرم پارہ کے ساتھ چھل بند کر دیں یہ دونوں ایک جان ہو جائیں گے۔ چھلبند قلعی کھرل میں ڈال کر الائچی کے بیج تھوڑے تھوڑے ڈال کر دبے ہاتھوں سے رگڑائی کریں۔ اسی طرح سارے بیج رگڑائی کر کے ختم کریں۔ بس کشتہ تیار ہے۔ الائچی کے بیج ستر گرام تک ڈال سکتے ہیں۔ مقدار خوراک ایک رتی سے سات دن بس۔

مہروں کا درد۔ کمر کا درد۔ لنگڑی کا درد

حرمل پچاس گرام۔ سفید زیری پچاس گرام۔ سناء مکی پچاس گرام۔ سب کا سفوف بنا لیں۔ صبح و شام ایک چمچ چائے والا لیں۔

جریان و احتلام

تخم دھتورہ اور کالی مرچ ہم وزن سفوف بنا لیں اور پانچ سو ملی گرام کا کیپسول بھر لیں۔ رات کو دودھ کے ساتھ دیں۔

ہائی بلڈ پریشر

ہائی بلڈ پریشر کے لیے حرمل اور اجوائن ہم وزن سفوف بنالیں اور ایک گرام صبح وشام دیں اور کمال دیکھیں۔

دانتوں کا منجن

آک کی جڑ خشک کرکے جلالیں۔ اس راکھ کے برابر سفید پھٹکڑی اور لاہوری ملالیں منجن تیار ہے۔ صبح وشام لگائیں۔

پرانی قبض کے لیے

کمیلا اور میٹھا سوڈا ہموزن ملالیں۔ ایک گرام رات کو دیں۔

لیکوریا

ہڑتال گودنتی کشتہ کرکے رکھ لیں۔ ایک تولہ میں چھ گرام موصلی سفید ملالیں۔ چھ گرام صبح وشام دیں۔

پرانے بخار

پرانے بخاروں کے لیے ہڑتال گودنتی کو حرمل کے نگدہ میں کشتہ کرلیں۔ یہ دیں سب سے اعلیٰ ہے۔

فالج

ایک کلو چینی کا شربت تیار کرلیں۔ شربت میں صلایہ شنگرف ڈال لیں۔ شنگرف ایک تولہ۔ فرانسیسی ٹاٹری ایک تولہ صلایہ کرکے ڈالیں۔ ٹھنڈا ہونے پر تین گرام ست الائچی۔ تین گرام ست پودینہ مکس کرکے رکھ لیں۔ شربت تیار ہے۔ خوراک ایک تولہ سے دو تولہ تک۔

یرقان

یرقان کے لیے آک دودھ پانی کرلیں۔ دونوں ہاتھوں کی ہتھیلی پر چوالیس قطرے مساج کریں انگوٹھے سے۔ چودہ دن بعد رپورٹ کروالیں۔

وزن کم کرنا

سوہاگہ کشتہ اور مصبر ہم وزن صبح وشام ایک گرام پانی سے دیں۔ دو ہفتہ تک دس کلو سے زیادہ وزن کم ہوجائے گا۔

کینسر کا پھوڑا

اگر کینسر کا پھوڑا اپھٹ جائے تو اس کے لئے بروزہ پچاس گرام اور اسپرٹ سو ملی لیٹر ملا کر مرہم بنالیں۔ پہلی بار لگانے سے زخم ٹھیک ہوجاتا ہے۔ لیکن چند دن لگائیں۔

پتھری کا علاج

تخم خربوزہ بیس گرام۔گوکھرو بیس گرام کا قہوہ بنا کر صبح وشام بیس دن تک پلائیں۔

لوٹا سجی دو گرام صبح نہار ایک کلو کچی لسی سے دیں تین دن۔

ہائی بلڈ پریشر

اسگند ناگوری سو گرام۔گوکھرو کلاں سو گرام۔الائچی خورد پچاس گرام۔مصری ایک پاؤ گرام۔مقدار خوراک ایک گرام سے دو گرام تک۔

بواسیر خونی و بادی

ریوند خطائی پچاس گرام۔مصبر پچاس گرام۔باؤبڑنگ پچیس گرام۔سوا یم جی کا کیپسول صبح وشام دیں۔اکیس دن تک۔اگر قبض ہو جائے دودھ میں ایک چمچ گھی ڈال کر پیئیں۔

مصفی خون

پنیر ڈوڈی ایک سو پچاس گرام۔چرائیتہ نیپالی پچاس گرام۔کرائیتہ۔چالیس گرام۔برگ منڈی تیس گرام۔باوبڑنگ پچاس گرام۔افسنتین پچاس گرام۔ریوند خطائی تیس گرام۔پاپڑہ تیس گرام۔مقدار ایک گرام صبح وشام لیں۔

رب بنانا

کسی بھی چیز کے پتے ایک کلو لیں اور چھ کلو پانی ڈال کر پکائیں۔جب تین کلو پانی رہ جائے تو اتار لیں اور پتے مل چھان کر نکال دیں اور پھر پانی کو پکائیں جب ایک کلو رہ جائے تو اتار کر محفوظ کر لیں۔کبھی بھی خراب نہ ہوگا۔

روغن تانبا

آدھا کلو تانبے کی وہ تاریں جو ٹرانسفارمر میں ہوتی ہے اس کو ایک کلو تلوں کے تیل میں آٹھ گھنٹے پکائیں۔سرخ رنگ کا تیل بن جائے گا۔نفس پر لگائیں۔درد کی جگہ پر لگائیں کمال کا فائدہ دے گا۔

نمک بنانا

سنیاس میں زیادہ تر نمک سے کام لیا جاتا ہے۔کسی بھی بوٹی کو جلا کر اس کی راکھ ایک کلو میں چھ گنا پانی ڈال کر تین دن رکھیں اور وقفہ وقفہ سے کسی چیز سے ہلاتے رہیں۔تین دن بعد پانی مقطر کر لیں اور اب اس پانی کو جلائیں تو نمک بن جائے گا جس کی خوراک ایک رتی دیں اور اگر راکھ کو بلینڈر میں ڈال کر تھوڑے سے پانی کے ساتھ بلینڈ کر لیں تو نمک زیادہ نکلے گا۔

طلاء

نفس کی موٹائی و لمبائی اور سختی کے لیے ہیرا ہینگ دس گرام اور پارا بیس گرام۔دونوں کی رگڑائی کر کے ٹکی تیار کریں۔پھر سو گرام شہد

ڈال کرمرہم تیار کر کے پٹی پر لگا کر نفس کی 3 سائیڈ پر رکھ کر باندھ لیں رات کو صرف سات دن روزنئی پٹی باندھنی ہے۔

نمک دارچینی تیار کرنے کا طریقہ

نمک دارچینی تیار کرنے کا طریقہ 2 کلو دارچینی کو جلا کر راکھ کر لیں پھر راکھ کو وزن کر کے اس سے 6 گنا پانی میں ڈال کر 7 سے 14 دن کے لئے رکھ دیں اور دن میں 4 / 5 بار ہلاتے رہیں۔اب اسکا پانی نتھار کر اسٹیل کر برتن میں ڈال کر آگ پر پکائیں اور پورا پانی خشک ہونے پر نیچے نمک برآمد ہوگا اسکو نکال کر کھرل کر کے رکھ لیں۔میرا تجربہ 2 کلو دارچینی میں 60 گرام راکھ نکلتی ہے اور نمک نکلتا ہے 10 گرام۔اگر جدید طریقے استعمال کیے جائیں تو نمک زیادہ بھی نکل سکتا ہے۔مثلا:

(1) راکھ کو ایک سے دو گھنٹے اسٹیل کے برتن میں پکائیں پھر راکھ کو ٹھنڈا ہونے پر پانی میں حل کر کے رکھ دیں۔

(2) سفید راکھ میں 6 گنا پانی ڈال کر اس میں لسی والی مدھانی ڈال کر وقفہ وقفہ سے دو گھنٹے چلائیں۔

(3) آجکل جوسر مشین جس میں جوس بناتے ہیں اس میں پانی مکس راکھ ڈال کر وقفے وقفے سے دو گھنٹے چلائیں۔

(4) واشنگ مشین میں پانی مکس راکھ ڈال کر اس کو 2 گھنٹے ٹائمر سے چکر دیں اُسکے بعد پانی نکل کر 7 دن کے لئے رکھ دیں اور معروف طریقے سے نمک نکال لیں۔مقدار خوراک خشخاش کے دانے سے لیکر آدھا چاول سے ایک چاول تک۔

فوائد: تمام معدے کے امراض میں مناسب بدرقہ کے ساتھ استعمال کروائیں۔تیر بہدف ہے۔

نمک انار تیار کرنے کا طریقہ

10 کلو انار کے چھلکوں کو جلا کر راکھ کر لیں پھر راکھ کو وزن کر کے اس سے 6 گنا پانی میں ڈال کر 7 سے 14 دن کے لئے رکھ دیں اور دن میں 4 / 5 بار ہلاتے رہیں۔اب اسکا پانی نتھار کر اسٹیل کر برتن میں ڈال کر آگ پر پکائیں اور پورا پانی خشک ہونے پر نیچے نمک برآمد ہوگا اسکو نکال کر کھرل کر کے رکھ لیں۔میرا تجربہ 10 کلو انار میں 300 گرام راکھ نکلتی ہے اور نمک نکلتا ہے 160 گرام۔اگر جدید طریقے استعمال کیے جائیں تو نمک زیادہ بھی نکل سکتا ہے۔مثلا:

(1) راکھ کو ایک سے دو گھنٹے اسٹیل کے برتن میں پکائیں پھر راکھ کو ٹھنڈا ہونے پر پانی میں حل کر کے رکھ دیں۔

(2) سفید راکھ میں 6 گنا پانی ڈال کر اس میں لسی والی مدھانی ڈال کر وقفہ وقفہ سے دو گھنٹے چلائیں۔

(3) آجکل جوسر مشین جس میں جوس بناتے ہیں اس میں پانی مکس راکھ ڈال کر وقفے وقفے سے دو گھنٹے چلائیں۔

(4) واشنگ مشین میں پانی مکس راکھ ڈال کر اس کو 2 گھنٹے ٹائمر سے چکر دیں اُسکے بعد پانی نکل کر 7 دن کے لئے رکھ دیں اور معروف طریقے سے نمک نکال لیں۔فوائد تمام جگر کے امراض میں مناسب بدرقہ کے ساتھ استعمال کروائیں۔

طلائے انتشار

مینتھول سو گرام۔بچھناگ۔بیس گرام۔بچھناگ کو نیم کوب کر کے مینتھول میں ڈال کر چودہ دن کے لیے رکھ دیں اور دن میں

2 بار ہلاتے رہیں۔سنہرے رنگ کا محلول تیار ہو گا۔طریقہ استعمال ہمبستری سے دس گھنٹے پہلے محلول میں روئی کے ساتھ سپاری اور نیچے کی نس پر لگا دیں اور ہمبستری تک اسے دھونا نہیں ہے ایک بار لگانے سے پندرہ دن تک اس کا اثر رہے گا۔

کشتہ فولاد

ہیرا کسیس ایک کلو۔کھانے والا سوڈا ایک کلو۔چار لیٹر پانی بڑے ٹب میں ڈال کر ہیرا کسیس ڈال دیں اور حل کر لیں اور دوسرے ٹب میں سوڈا حل کر کے دھیرے دھیرے سوڈا والے ٹب میں ہرا کسیس ڈالتے رہیں اور ہلاتے رہیں اس طرح پورا ختم کریں اور رکھ دیں۔چار گھنٹے بعد پانی نتھار دیں اسی طرح ٹوٹل چار کلو پانی نکالنا ہے۔پھر ہوا میں خشک کر کے کشتہ فولاد رکھ لیں۔چار سو گرام بن کر تیار ہو گا بس کام میں لائیں۔مقدار خوراک دو سے تین رتی۔سفوف ہاضم یا مصفّی خون کے ساتھ دیں۔

نسخہ قبض اور جگر کا خون نہ بنانا۔جملہ امراض

ایک لیٹر گنے کا سرکہ یا انگوری سرکہ میں ایک پاؤ انجیر بھگو دیں۔چھوٹے بچوں کو ایک عدد بڑوں کو دو عدد انجیر صبح و شام کھانے کے بعد کھلائیں۔قبض کو دور کرے گا۔خون پیدا کرے گا۔جملہ امراض مردوں اور عورتوں کے لیے مفید ہے۔

مصفی خون۔الرجک۔خارش۔دانے۔اٹھرہ

پنیر ڈوڈی اور تر پھلہ ہم وزن کا سفوف بنالیں اور ایک گرام والے کیپسول بھر لیں۔تینوں وقت نیم گرم پانی سے کھانے کے بعد ایک عدد لیں۔

رحم کے جملہ امراض

رتن جوت کا سفوف بنا کر پانچ سو ایم جی کے کیپسول بھر لیں صبح و شام تین ماہ تک دیں۔